ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | مشکل 04 ربیع الاول 1448 ہجری | 18 اگست 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 37
PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | BC-m-1 رجسٹرڈ | قیمت 40 روپے

بسیمہ اور ہرنائی میں فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 6 دہشتگرد ہلاک اسلحہ و گولہ بارود برآمد

بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں گلی زائیک اور کاٹلی کے درمیان دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی، سیکورٹی فورسز نے جھڑپ میں 2 دہشتگرد ہلاک اور 3 زخمی ہوئے

زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں دہشتگردوں کی موجودگی پر فورسز نے ان کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیکر موثر انداز میں نشانہ بنایا، کارروائی میں 4 دہشتگردوں کی ہلاکت کی تصدیق

ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے ایکسٹینشن میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برآمد، فورسز کا بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+این این آئی) بلوچستان کے علاقے گلی زائیک جبکہ زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 6 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں فی الوقت انٹیلی جنس کی بنیاد پر درمیان دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع کارروائی کی گئی۔ سیکیورٹی فورسز سے جھڑپ میں 2 دہشتگرد ہلاک اور 3 زخمی ہوئے، ہلاک دہشتگردوں کی شناخت مشتاق اللہ عرف کوہ یار کے نام سے ہوئی۔ دہشتگردوں کے قبضے سے ایکسٹینشن میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برآمد ہوا۔ سیکیورٹی فورسز دہشتگردوں کے مکمل خاتمے اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں دہشتگردوں کی موجودگی پر انٹیلی جنس بیسڈ

پٹرول 5 روپے 77 پیسے، ڈیزل 6 روپے 47 پیسے مہنگا

حکومت نے 18 اگست کیلئے قیمتوں کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا۔ حکومت کی جانب سے پیٹرول کی قیمت میں 5 روپے 77 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر 331 روپے 20 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے ڈیزل ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم سعودی ولیعہد محمد بن سلمان کی دعوت پر سعودی عرب کے دورے پر روانہ ہو گئے

پائیدار امن عوام کی روشن اور خوشحال مستقبل کیلئے بنیادی شرط ہے، وزیراعظم

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر صدر ٹرمپ کی حمایت بھرے حوصلہ افزا کلمات کو دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں

پاکستان سعودیہ اور ترکیہ کیساتھ مل کر پورے خطے کے دفاع کو یقینی بنانے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر مختلف کے حوالے سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حمایت بھرے اور حوصلہ افزا کلمات کو دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں۔ اپنے سوشل میڈیا پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر مختلف کے حوالے سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حمایت بھرے اور حوصلہ افزا کلمات کو دل کی گہرائیوں سے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک بار پھر صدر ٹرمپ کی جرأت مندانہ اور فیصلہ کن قیادت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوا یہاں، جس نے جنوبی ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت سعودی وزیر محمد مزمل پنی، کمشنر عبداللہ داس، ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر جعفر اللہ اسلام آباد کے جلسہ کے موقع پر حاضر ہیں

بانی قیدی کی خصوصی سہولت دینے کیلئے مطالبہ قانون کیخلاف ہے، اٹارنی جنرل

دنیا کا ہر ملک قانون اور ضابطے کے مطابق چلتا ہے، جیل میں ملاقاتوں کے حوالے سے بھی قواعد موجود ہیں

ہر قیدی کے لیے قانون ایک ہونا چاہیے، کسی کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جا سکتا، وزیر قانون سینیٹ میں خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر قانون و انصاف اور انسانی حقوق بیرسٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ ہر قیدی کے لیے قانون ایک ہونا چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو خصوصی سہولت دینے کا مطالبہ قانون کے خلاف ہے، کسی کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جا سکتا۔ پیر کو سینٹ میں سینیٹر اعظم سواتی کی جانب سے اٹھائے گئے ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار، نجی موبائل کمپنی کی اپیلیں منظور

سپر ٹیکس کے خلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ قانون کے مطابق جائز قرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہائی کورٹ میں ایک کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں ایک فیصلہ سناتے ہوئے سپر ٹیکس کے خلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ کو قانون کے مطابق بالکل جائز قرار دے دیا ہے اور اس حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کا ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

قوم شہدائے زیارت کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریگی، نور محمد دمڑ

شہدائے زیارت نے جانوں کا نذرانہ دیکر بلوچستان کے امن، ریاست کی عزت اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھا، صوبائی وزیر خوراک

چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے شہدا زیارت کے چہلم کے موقع پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا، ایصال ثواب درجات کی بلندی کیلئے دعا، تقسیم

زیارت (ن ح ن) صوبائی وزیر محمد نور دمڑ کے زیر اہتمام سانحہ زیارت میں جاں بحق ہونیوالے شہداء کے چہلم کے موقع پر آج زیارت میں قرآن خوانی اور ختم قرآن کا رسم پرور اور باوقار اہتمام کیا گیا، محکمہ کا مقصد شہدائے زیارت کے ایصال ثواب، مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعائیں کرنا تھا اس موقع پر ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

حج 2027 کیلئے درخواستوں کی وصولی آج شروع ہوگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حج 2027 کے لیے سرکاری اور نجی حج اسکیم کی درخواستوں کی وصولی کا آغاز آج (منگل سے) ہو رہا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج درخواستیں آج 18 اگست سے وصول کی جائیں ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں ایس ایس پی آر کے زیر اہتمام سیرت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں سمندر کنارے گیس کی پہلی کامیاب دریافت

سوئیں سے یومیہ ساڑھے 9 لاکھ اسٹینڈرڈ کیوبک فٹ گیس حاصل ہو رہی ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں سمندر کنارے بہترین کوالٹی کی گیس کی پہلی کامیاب دریافت کا اعلان کیا گیا ہے۔ ترجمان پی ایل ایل کے مطابق خفکی ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ملاقات کے موقع پر جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع و دیگر کا گروپ

آیت اللہ خامنہ ای کے چہلم کی تقریبات کیلئے تیاریاں شروع

تقریبات کی نگرانی موجودہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای خود کرینگے، ذرائع

تہران (م ذ) ایران کے مختلف شہروں میں سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تدفین کے بعد اب چہلم پر سوگ اور باوقار کی تقریبات منعقد کرنے کی ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی ایک آنکھ نہیں 84 ملاقاتیں کرائی گئیں، رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع

ان میں تین مرتبہ کھانے پینے کی اشیاء اور میڈیکل چیک اپ کیا جاتا ہے، متعدد سرکاری معائنہ بھی ان کا معائنہ کر چکے ہیں

بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کی جیل رولز کے تحت ہر منگل کو ہفتہ وار ملاقات کرائی جاتی ہے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی رپورٹ

انکم میں کمی کے باوجود تنخواہ دار طبقہ سے زیادہ ٹیکس وصول

جولائی میں گزشتہ دو برسوں کے مقابلے زیادہ انکم ٹیکس جمع کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے رواں مالی سال کے پہلے ہی ماہ جولائی میں تنخواہ دار طبقے سے انکم ٹیکس گزشتہ دو برسوں کے مقابلے میں زیادہ جمع کیا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ انکم ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کوئی آسمانی آفت نہیں غلط فیصلوں سے مسلط ہوئی، مقررین

پالیسیوں میں بنیادی انسانی حقوق اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو ترجیح نہیں دی گئی، جس سے فلاحی ریاست کا خواب چکنا چور ہوا

وفاقی و صوبائی حکومتیں پشتونوں اور بلوچوں کیساتھ ناروا سلوک اور تذلیل کا نوٹس لیں، اضافہ ایکٹرنی، کیپٹن محمد شبیر و دیگر کا ریفرنس سے خطاب

پاک، ترک وزرائے خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ

امن کیلئے سفارت کاری اور مذاکرات کو واحد راستہ قرار دیا گیا

باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ بیرسٹر اسحاق ڈار اور ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے فٹے کے موجودہ چیلنجز سے نمٹنے اور امن کے قیام کے لیے سفارت کاری اور مذاکرات کو ..... واحد راستہ قرار دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور ہاکان فیدان نے دوطرفہ باہمی تعلقات پر گفتگو کی اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، جس میں دونوں وزراء نے خارجہ ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر کا حملے روکنے کا مطالبہ قابل تحسین ہے، حماس

غزہ جنگ بندی کیلئے ٹرمپ کے اقدامات کو سراہتے ہیں، خلیل الحیہ

غزہ (م ذ) حکمتی حماس کے سینئر رکن خلیل الحیہ نے خان یونس میں دشمن کے ہاتھوں شہید ہونے والے صحافی انس الشریف کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارتی امور کے مطابق اسرائیل کے مطابق قابل تحسین ہے، غزہ میں جنگ بندی برقرار ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرول کی قیمت 5 روپے 77 پیسے مہنگا

وزیراعظم کی ہدایت پر پٹرول کی قیمت میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پٹرول کی قیمت میں 5 روپے 77 پیسے کا اضافہ کر دیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر پٹرول کی قیمت میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نئی قیمت کے مطابق پٹرول کی فی لیٹر قیمت 331 روپے 20 پیسے ہو گئی ہے۔ ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو آئی ایم ایف کی 1.2 ارب ڈالر کی قسط جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف کی ایگزیکٹو بورڈ نے پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر کی قسط جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق یہ قسط پاکستان کی معاشی اصلاحات اور پروگرام کی کامیابی کا اعتراف ہے۔ بورڈ نے پاکستان کے ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں ایس ایس پی آر کی سیرت کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی آر کے زیر اہتمام سیرت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی آر نے کہا کہ تاریخ ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں حکومتی وفد کی اپوزیشن لیڈر سے ملاقات، آج ملیں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر محمود خان اچکزئی کی جانب سے وزیراعظم کو لکھے خط اور سیاسی امور پر مشاورت، حکومتی وفد میں رانا ثناء اللہ، وفاقی وزیر قانون و دیگر شامل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وفاقی وزراء پر مشتمل حکومتی وفد نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی جس میں سیاسی امور اور وزیراعظم کو لکھے ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سلام آباد ڈیکلریشن میں مذاکرات کی 60 روزہ ڈیڈ لائن ختم، جنگ کے دوران دشمن کے 200 سے زائد طیارے مار گرائے، ایران کا دعویٰ

ایران ہتھیار ڈالے، عمان نے آبنائے ہرمز میں مداخلت کی تو تباہ کر دینگے، ٹرمپ

ایران کو کسی بھی طریقے، شکل یا صورت میں جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، عمان نے ایران کے ساتھ مل کر امریکی کوششوں کی راہ میں رکاوٹ ڈالی تو امریکہ عمان پر شدید بمباری کر سکتا ہے

ایران کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت میں توسیع نہیں چاہتے، ایران امریکہ کے ساتھ اس قسم کا معاہدہ نہیں کرے گا جسے میں ضروری سمجھتا تھا، پاسداران انقلاب کی قیادت سے رابطے میں ہوں، امریکی صدر

پاکستان اور قطر کے علاوہ تیسرا اٹاٹ نہیں، معاہدے کی خلاف ورزی پر امریکہ کے ساتھ 60 روزہ مذاکراتی ڈیڈ لائن کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہی، مذاکرات میں اصل رکاوٹ امریکی پالیسی ہے، اسماعیل بقائی

امریکہ کے ساتھ معاہدہ طاقت کے ساتھ آگے بڑھایا، دشمنوں کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کیا، ایرانی صدر ٹرمپ آنے سے ہرمز بند ختم ہونے والے بے بنیاد دعوؤں کے بجائے اپنی سلامتی پر توجہ دیں، ابراہیم عزیزی

واشنگٹن، تہران (انٹرنیٹ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ امریکا کی بنیادی ترجیح یہ ہے کہ ایران کسی بھی صورت جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ ایران کو کسی بھی طریقے، شکل یا صورت میں جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ امریکی ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ میں اپوزیشن کا شدید احتجاج، عمران خان کو علاج و ملاقاتوں کی اجازت دینے کا مطالبہ

بانی کو ذاتی معالجین سے ملوایا جائے، اپوزیشن لیڈر، اپوزیشن لیڈر کی تشویش کی تصدیق نہیں ہوئی، رانا ثناء اللہ

عمران خان کی صحت قومی سلامتی کا مسئلہ ہے، حکومت ڈاکٹروں اور اہل خانہ کو ملاقات کی اجازت دے، اپوزیشن ارکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایوان بالا میں اپوزیشن ارکین نے پی ٹی آئی کا اڈیالہ جیل میں علاج و معالجے کی بہتر سہولیات فراہم نہ کرنے پر حکومت پر شدید تنقید کی ہے۔ ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان حکومت کا کم آمدن افراد کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کا فیصلہ

حکومت نے اخوت کے اشتراک سے 3 پروگرامز کا آغاز کر دیا، بیکرز خرانہ

صوبے کے تقریباً 3 3 7 3 خاندان مستفید ہوں گے، جہانگیر کاکڑ کی بات چیت کے اقدامات کے لیے 6 ارب کی رقم مختص کی گئی ہے، بہت سے سرکاری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ نے فی دی کو بتایا۔ جہانگیر کاکڑ نے بتایا کہ بلوچستان حکومت ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے، وزیر اطلاعات

ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کریں گے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے، ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائی کورٹ رولز میں اپریل 2026 کی ترامیم کالعدم قرار

بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کو پارلیمنٹری ایکٹ 1973 کی بنیادی دفعات میں ردوبدل کا اختیار حاصل نہیں، بلوچستان بار کونسل

بار کونسلز ایکٹ 1973 کی دفعہ 10 کے تحت انرولمنٹ کمیٹی کی سربراہی بار کونسل کے نامزد شخص کے پاس ہونا لازمی ہے، فیصلہ

کوئٹہ (ن ح ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچستان بار کونسل کے انرولمنٹ رولز میں 2 اپریل 2026 کی ترامیم کالعدم قرار دے دیں، بلوچستان ہائی کورٹ نے آئینی پٹیشن نمبر 471/2026 کا ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

مطالبات کی منظوری تک سڑکوں سے نہیں اٹھیں گے، حافظ نعیم

حکمران آئی ایم ایف کے غلام، جماعت ناکام ہے، مرکزی امیر جماعت اسلامی

پڈیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کے دھرنے دوسرے روز بھی جاری

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکمرانوں کو دوٹوک پیغام دیا ہے کہ پڈیم لیوی کے خاتمہ سمیت دیگر مطالبات منظور ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے متعدد اضلاع میں بارش و آندھی کی پیشگوئی

پی ڈی ایم اے نے 7 اضلاع کی انتظامیہ کیلئے الرٹ جاری کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے سات اضلاع میں 17 سے 20 اگست تک بارش اور آندھی کی پیش گوئی کر دی۔ پی ڈی ایم اے نے ساتوں ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

خاران وقلات میں بسوں پر فائرنگ 1 شخص زخمی، ٹرک نذر آتش

خاران میں مسلح افراد کی بس پر فائرنگ سے عبدالرؤف نامی شخص زخمی ہوگیا، دلبندین میں سامان سے لدے ٹرک کو جلا دیا گیا

فائرنگ میں زخمی شخص کو قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا، ٹرانسپورٹرز و مسافروں کا شدید احتجاج

خاران (ن ح ن) خاران میں بس پر فائرنگ سے عبدالرؤف نامی شخص زخمی ہوگیا، دلبندین میں سامان سے لدے ٹرک کو جلا دیا گیا ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں روزانہ 40 فلسطینی قتل کرنے چاہئیں، اسرائیلی وزیر

کچھ ایسے لوگ بھی غزہ میں ہیں جو زندہ رہنے کے قابل نہیں، اتمار بن گویر

تل ابیب (م ذ) اسرائیلی کے انتہائی دائیں بازو کے قومی سلامتی کے وزیر اتمار بن گویر نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج کو غزہ میں ہر رات 30 سے 40 فلسطینیوں کو قتل کرنا چاہیے۔ ایک پوڈ کاسٹ میں ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن خود میز سے اٹھ کر گئی، دوبارہ مذاکرات کی دعوت دیتے ہیں، طلال چوہدری

پی ٹی آئی کی جانب سے ملاقاتوں اور انسانی ہمدردی کے معاملے کو سیاسی طور پر استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

حکومت کسی سیاسی جماعت کے سیاسی موقف یا احتجاج کے حق سے انکار نہیں کرتی، وزیر مملکت برائے داخلہ

اپوزیشن سکیورٹی پیدا کرے، وزیراعظم کی مذاکرات کی دعوت آج بھی برقرار ہے، طارق فضل چوہدری، سینیٹ میں خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی مذاکراتی کمیٹی اب بھی موجود ہے، حکومت کسی سیاسی جماعت کے سیاسی موقف یا احتجاج کے حق سے انکار نہیں کرتی تاہم ملاقاتیں شدید میڈیا اور سائبر ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی صحت پر سیاست نہ کی جائے، پرویز الٰہی

اسپتال شفٹ کر کے ان کی آنکھوں اور بلڈ پریشر کا علاج کروایا جائے

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ملاقات فوری کروائی جائے، بیرسٹر گوہر

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے اسٹیج پر راجہ ظفر کی بے عزتی کرنے پر تنقید کی ہے۔ ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

قتل کیس میں دیت کی رقم سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا گیا

نظام کی خرابی کی سزا ملزم کو نہیں دی جا سکتی، جسٹس اشتیاق ابراہیم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قتل میں دیت کی رقم تحقیق ہوئی اور اس کا تعین کیسے کیا جائے گا؟ اس ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بیوی کا شوہر پر تشدد، کیا خاتون کوئی کمانڈو ہے؟ جج

خاتون ایس ایچ او ڈکری ہولڈر ہے، وکیل، درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شوہر پر تشدد کرنے والی خاتون کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کر لیا جبکہ دوران سماعت خاتون کے ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتوں سے التجا ہے عمران خان کو انصاف دیں، اسد قیصر

ہم جیل مینوئل کے مطابق ملاقات کا حق مانگ رہے ہیں، گنڈاپور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سربراہ اور سابق چیئرمین قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ ہم جیل مینوئل کے مطابق ملاقات کا حق مانگ رہے ہیں، سپریم کورٹ میں جمع کرائی گئی رپورٹ پر ہمیں تحفظات ہیں۔ ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے سن رائز کے بعد ثمامہ رانا ثناء اللہ، ایڈمنسٹریٹر زرد و گھرکا ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان ہائیکورٹ کے انرولمنٹ رولز میں اپریل 2026 کی ترامیم کالعدم قرار

بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کو پارلیمنٹری ایکٹ 1973 کی بنیادی دفعات میں ردوبدل کا اختیار حاصل نہیں، بلوچستان ہائیکورٹ

بار کونسلز ایکٹ 1973 کی دفعہ 10 کے تحت انرولمنٹ کمیٹی کی سربراہی بار کونسل کے نامزد شخص کے پاس ہونا لازمی ہے، فیصلہ

کوئٹہ (ن ح ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچستان بار کونسل کے انرولمنٹ رولز میں 2 اپریل 2026 کی ترامیم کالعدم قرار دے دیں، بلوچستان ہائی کورٹ نے آئینی پٹیشن نمبر 471/2026 کا ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں روزانہ 40 فلسطینی قتل کرنے چاہئیں، اسرائیلی وزیر

کچھ ایسے لوگ بھی غزہ میں ہیں جو زندہ رہنے کے قابل نہیں، اتمار بن گویر

تل ابیب (م ذ) اسرائیلی کے انتہائی دائیں بازو کے قومی سلامتی کے وزیر اتمار بن گویر نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج کو ہر رات 30 سے 40 فلسطینیوں کو قتل کرنا چاہیے۔ ایک پوڈ کاسٹ میں ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

جمعہ کو پولیس لائن پشاور میں کوئٹہ کے ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کے ہمراہ ڈی آئی جی کے ہمراہ ایس ایس پی کے ہمراہ ایس ایس پی کے ہمراہ ایس ایس پ

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے انتخابی شیڈول کا اعلان

کاغذات نامزدگی 17 سے 31 اگست تک وصول، 12 تحریر کو پولنگ ہوگی

دو سو ڈیلیگیٹ اور کونسلرز انتخابات میں حق رائے دہی استعمال کریں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے الیکشن کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر نور محمد سائیں نے ایسوسی ایشن کے انتخابات کے لیے انتخابی شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 17 اگست سے 31 اگست تک کاغذات نامزدگی حاصل کیے جائیں گے جبکہ 12 تحریر کو 9 بجے سے شام 4 بجے تک پولنگ ہوگی، جس میں 200 ڈیلیگیٹس اور کونسلرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے الیکشن کمیشن کے دیگر اراکین ڈاکٹر سلطان محمد رودانی، ڈاکٹر عبدالباری اچکزئی اور ڈاکٹر شاہد ہمیلگی کے ہمراہ ہوٹل کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر ڈاکٹر عامر ہزاروی، ڈاکٹر عبدالرشید بلوچ اور ڈاکٹر طاہر کمال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر نور محمد سائیں نے کہا کہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن 48 ممالک میں قائم ہونے کے باعث کہ کوئٹہ بھی تمیم کے ساتھ رخدادت انجام دے رہی ہے اس کا تعلیمی ڈھانچہ بھی بھرپور ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ڈاکٹرز کے پیشہ ورانہ حقوق کے تحفظ بھی شیخ کی بہتری، ڈاکٹرز کے مسائل کے حل اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پی ایم اے کی سابق صوبائی کابینہ کی مدت 2022ء، 2 عشیں ہوئی تھی اور گزشتہ چار برس کے دوران باقاعدہ انتخابات نہیں ہو سکے، جس کے باعث انتخابی عمل تعطل کا شکار رہا۔ انہوں نے کہا کہ اس صورتحال کے پیش نظر سابق صوبائی ایم اے صدر بلوچستان ڈاکٹر فرحمد جانی نے الیکشن کمیشن تشکیل دیا۔

کوئٹہ: بلوچستان لیبر فیڈریشن کے اجلاس کی صدارت خان زمان کر رہے ہیں، دیگر قائدین شریک ہیں

خواتین کیلئے الگ امتحانی مرکز قائم کرنے کا مطالبہ

اوپن یونیورسٹی کے سمسٹر امتحانات میں خواتین اور مردوں کیلئے الگ امتحانات کی اپیل

خواتین طلبہ تعینات کر کے امتحانات گرلز سکول یا کالج میں لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ) بلوچستان علمائے اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالقیوم نے کہا ہے کہ سمسٹر کوئٹہ میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے سمسٹر امتحانات بوائز سکول میں مردوں اور خواتین سے ایک ساتھ لیے جا رہے ہیں، جہاں ایک ہی ہال میں بیک وقت امتحانات لیے جا رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ انتظامی مراکز میں غیر متعلقہ افراد کی موجودگی کے باعث خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور بعض بار بدو خواتین مرد عملے کی وجہ سے امتحانات میں شرکت سے محروم رہ جاتی ہیں، جس سے گھروں میں حاصل کرنے والی علمی اور تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔ پریس ریلیز میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسمبلا اور کوئٹہ کیمپس کے دائس چانسلر اور دیگر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا گیا کہ سمسٹر امتحانات اور کورسیاں کے لیے خواتین طلبہ تعینات کیا جائے اور امتحانات کے انعقاد کے لیے کسی گرلز سکول یا کالج کو امتحانی مرکز بنایا جائے۔

ٹرکوں کو ریغمال بنانا تشویشناک ہے، ملک یاسین خان کاکڑ

کھڈ کوچہ میں ٹراسپورٹرز سے مبینہ بھتہ خوری کے واقعے کی مذمت

سیاسی و سماجی رہنما کاتاجروں کے تحفظ اور ذمہ داروں کے تعین کا مطالبہ

کوئٹہ (ایڈیٹر رپورٹر) سیاسی و سماجی رہنما ملک یاسین خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سستوکک کے علاقے کھڈ کوچہ میں 40 سے 50 ٹرکوں کو ہائے من رک کر یرغمال بنانا اور مبینہ طور پر ہزرگ سے سامان کے علاوہ 20 لاکھ روپے بھتہ طلب کرنا انتہائی تشویش واقعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے بھی زیادہ تشویشناک بات یہ ہے کہ ایک ایسے ادارے اور صوبائی حکومت ایک دہرے کی ناکامی پر پردہ ڈالنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو یہ بتانے کے بجائے کہ اتنے بڑے پیمانے پر بھتہ خوری کیسے ہوئی، ایک دوسرے پر ذمہ داری عائد کر کے اصل مسئلے سے توجہ ہٹائی جا رہی ہے۔ ملک یاسین خان کاکڑ نے سوال اٹھایا کہ اگر ریاستی ادارے امن کے علاوہ ٹرکوں کو ہائے من رکھنے کی اجازت دیتے ہیں تو ٹرک کیسے یرغمال بنائے گئے، اگر صوبائی حکومت امن و امان کی ذمہ داری سے قاصر تھی اور اگر دونوں اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں تو پھر یہ جنون لوگوں سے کروڑوں روپے کا بھتہ کون مانگ رہا ہے۔

آفاق کوئٹہ کے اجلاس کی صدارت ذوالفقار بلوچستان عبدالعلیم بزدار و دیگر ذمہ داران بھی موجود ہیں

محمد زمان ملاخیل مسلم لیگ لیبر ونگ کو آرڈینیٹر مقرر

ٹریڈ یونین خدمات کے اعتراف میں بڑی ذمہ داری سونپ دی گئی

بلوچستان کے ورکرز کے مسائل مرکزی قیادت تک پہنچانے کا عزم

کوئٹہ (پ) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے مرکزی صدر عام قادر جت ایڈووکیٹ نے محمد زمان خان ملاخیل کو ٹریڈ یونین کے لیے ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں مسلم لیگ لیبر ونگ کا مرکزی ذوالفقار بلوچستان مقرر کیا ہے۔ محمد زمان خان ملاخیل مجلس وحدت المسلمین (ایم ڈبلیو ایم) کے سابق چیئرمین ہیں جبکہ اس وقت وہ مجلس وحدت المسلمین کے عہدے پر فائز ہیں جبکہ اس وقت وہ مجلس وحدت المسلمین کے چالیس سال تک سیکریٹری جنرل کے عہدے پر فائز رہے ہیں جبکہ اس وقت وہ مجلس وحدت المسلمین کے سیکریٹری جنرل کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ بلوچستان بھر کی لیبر تنظیموں نے ان کی تقرری پر مسرت اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا ہے۔ محمد زمان خان ملاخیل نے اپنے بیان میں کہا کہ بلوچستان کے ورکرز کے مسائل اجتماعی دیرینہ ہیں اور ان کی ترجیحات میں بلوچستان کے ورکرز کے مسائل کو مرکزی قیادت تک پہنچانا شامل ہے۔



بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (میپکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کام کی تکمیل کیلئے بجلی کے محکموں کی مصروف اور ناگزیر کی تکمیل کیلئے جاری ہے۔ اس سلسلے میں 18 اگست کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی فیڈر پر بجلی کی سپلائی 9 بجے سے دوپہر ڈیڑھ بجے تک بند رہے گی۔ اسی طرح 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی مری آباد، کاہی بان اور کاہی نو فیڈرز سے صبح ساڑھے 10 بجے سے دوپہر ڈیڑھ بجے تک بجلی ترسیل کی جائے گی۔ اسی طرح 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی ایف سی اور مکرکی فیڈر پر صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اسی طرح 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی سرلاب اور مکرکی فیڈر پر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی انٹرنیل گرڈ ایف سی ایف۔ شاہنواز فیڈر پر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی انٹرنیل گرڈ ایف سی ایف۔ سریاب فیڈر پر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

بے نظیر پی ایچ ڈی کی مرکزی رابطہ ٹیم کا اجلاس طلب

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا فضل محمد خان شیرانی نے جمعیت علمائے اسلام پاکستان کی مرکزی رابطہ کمیٹی کا دوروز ہاجلاس 22 اگست بروز ہفتہ سہ پہر 3 بجے جامع مسجد الطیب الف 10 اسلام آباد میں طلب کیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق اجلاس 23 اگست بروز اتوار صبح جاری رہے گا۔ اجلاس میں بیماحی امور اور ملک کے سیاسی صورتحال کے حوالے سے غور و خوض اور مشاورت کی جائے گی، جبکہ مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین کو اجلاس میں بروقت شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر ریلوے ملازم کا مسئلہ حل

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار ریلوے ملازم تحریر خان کا ریٹائرمنٹ سے متعلق مسئلہ حل کر دیا گیا۔ درخواست گزار کے مطابق وہ 38 برس تک ریلوے میں فٹر مستری کی حیثیت سے خدمات انجام دے کے بعد ریٹائرمنٹ کے لیے درخواست دے چکے تھے۔ تاہم متعلقہ دفاتر میں فائلز گم کر دیے گئے تھے۔ جس کے بعد انہوں نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کوئٹہ میں درخواست جمع کروائی۔ درخواست موصول ہونے کے بعد وفاقی محتسب نے فوری انکوائری شروع کرتے ہوئے متعلقہ محکمے کو طلب کیا اور پیش کی سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا، جس پر وفاقی محتسب نے درخواست گزار کا مسئلہ جلد حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ احکامات موصول ہونے کے بعد متعلقہ محکمے نے کلیئرنس پر دستخط کر کے ہوئے ریٹائرمنٹ سے متعلق معاملہ حل کر دیا۔ درخواست گزار نے بروقت اور منصفانہ فیصلے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

کوئٹہ میں پشہ بھاکریوں کا سیلاب

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں پشہ در بھاکریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے، شہر کے معروف بازاروں، سڑکوں، چوراہوں اور اڈوں پر پرندوں کی تعداد میں بھاکری مرد، عورتیں اور بچے بھیک مانگتے دکھائی دے رہے ہیں، جن سے بیشتر مظلوم گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے خلاف فوری اور مؤثر کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بھاکریوں کی جانب سے زیادہ تر مائنگ گاڑیوں کی کھڑکیاں بجانا اور خواتین یا بچوں کو جذباتی طور پر استعمال کرنا معمول بن چکا ہے۔ انتہائی دیرینہ میں پریشان ہو کر شہری گھر سے نکلنے ہوئے کی دشواری بھی سامنے آئی ہیں جن میں بعض ترافی، چوری اور اغوا شامل ہیں۔

NOTICE INVITING TENDER

Only electronic bid will be submitted Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, it is Mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2026, G.O.B. amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below:

S. No	Name of Work	Estimated Cost	Earnest Money	Tender Fee
1	CONSTRUCTION OF VARIOUS STREET LINK ROAD AT SINGANISAR TURBAT DISTRICT KECH. PSDP NO 5381 Z2025.2971 **TSE-2627081166943**	148,393,403	2%	1500
2	CONSTRUCTION OF BHU AT BALHAD GWADAR. PSDP NO. 2109 **TSE-2627081166883**	32,672,878	2%	1500
3	CONSTRUCTION OF BHU AT KARAGANI GWADAR. PSDP NO. 2112 **TSE-2627081166893**	32,672,878	2%	1500
4	CONSTRUCTION OF BHU AT SIRKI GWADAR. PSDP NO. 2111 **TSE-2627081166903**	32,672,878	2%	1500
5	CONSTRUCTION OF BHU AT BELAR GWADAR. PSDP NO. 2113 **TSE-2627081166933**	32,672,878	2%	1500

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bpppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bpppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 02 September, 2026 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System **Address:** Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech Phone no: 0852414060 Fax no: 0852414060 Email: xenurbanmakran@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Deve: Department
Makran Division at Kech

DPRQ/PRQ No.848/17-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, it is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KALAT invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates **Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627081166953	REAPAIR AND RENOVATION OF DHQ KALAT	01 September,2026 11:00 AM	12:00 PM	10,504,465
2	TSE-2627081166973	CONSTRUCTION OF LABOUR ROOM ATTACH WASHROOM & RENOVATION AT MCH CHASHMA KALAT	01 September,2026 11:00 AM	12:00 PM	5,500,043
3	TSE-2627081166983	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL AT GOVT GIRLS DEGREE COLLEGE KALAT CITY	01 September,2026 11:00 AM	12:00 PM	7,199,778

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2627081166953, TSE-2627081166973, TSE-2627081166983) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bpppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** c&w kalat
Phone no: 3327898573 Email: engrniazbangulzai8@gmail.com

Executive Engineer (Building)
CWPP&H Department District Kalat

DPRQ/PRQ No.847/17-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سیکرٹری خزانہ عبدالصمد علی جتک، ممبر بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر کلاب خان علی کو بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے آڈیٹوریم میں سالانہ کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہیں

ادباء کا بلوچستان میں ادبی سرگرمیوں کے فروغ پر اتفاق

ادبی تنظیموں کے وفود کا مقامی زبانوں اور ثقافتی ورثے کے تحفظ پر تبادلہ خیال

نوجوان ادیبوں اور شعراء کی حوصلہ افزائی کیلئے مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

مستونگ (پ ر) بلوچستان رائٹرز فورم کے چیئرمین پروفیسر انور زبیر نے وفد کے ہمراہ شعراء بلوچستان ادبی فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر مستونگ کا دورہ کیا، جہاں فاؤنڈیشن کے مرکزی صدر نذیر بارکزئی، جنرل سیکرٹری ملک لیاقت سباب اور سرپرست اعلیٰ رحیم ویدن پوتھی نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ بلوچستان رائٹرز فورم کے وفد میں سرپرست اعلیٰ استاد شعراء، صدر ممبر، جنرل سیکرٹری سارنج زئی، فنانس سیکرٹری سلام جمالی اور آرٹس سیکرٹری محرمی علی شامل تھے۔ اس موقع پر دونوں ادبی تنظیموں کے عہدیداروں کے درمیان ایک خصوصی ادبی نشست منعقد ہوئی، جس میں بلوچستان کے ادبی منظر نامے، براہوئی سمیت تمام مقامی زبانوں کے فروغ، ادبی مرکزیں کے دائرہ کار کو وسعت دینے اور نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی سمیت مختلف تجاویز پر خیال آرائی کی گئی۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کی صدیوں پرانی محبت پر مبنی ادبی روایات کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ ایسی جدید خطوط سے ہم آہنگ کر کے فروغ کیا جائے گا۔ اجلاس کے اختتام پر دونوں تنظیموں کی جانب سے مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا، جس میں ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ، مقامی زبانوں کی ترقی، نوجوان ادیبوں اور شعراء کی حوصلہ افزائی اور نئے ٹیلنٹ کو موثر پلیٹ فارم فراہم کرنے کے لیے باہمی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ دونوں تنظیموں کے سربراہان نذیر آبادی اور پروفیسر انور زبیر نے بلوچستان کی ادبی شناخت کو مضبوط بنانے اور ادب و ثقافت کے فروغ کو اجاگر کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بلوچستان رائٹرز گلڈ کا تعزیتی اجلاس منعقد ہوا

کنعان خان ملک کی حادثاتی وفات پر شدید غم و رنج کا اظہار

اہل قلم نے مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کے لیے دعائیں کیں

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان رائٹرز گلڈ (بزگ) کا تعزیتی اجلاس ڈاکٹر سنیوہ فرخ دیبا بلوری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممتاز ادیب آغا گل کے 24 سالہ نواسے کی حادثاتی موت پر شدید غم و رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ آغا گل کے جواں سال نواسے کنعان خان ملک کی موت ایک ناقابل فراموش صدمہ ہے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ بلوچستان کے تمام اہل علم اس غم میں آغا گل کے ساتھ ہیں اور دعا گو ہیں کہ رب کریم مرحوم کو بارا رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل و اجر کثیر عطا کرے۔ اجلاس میں شاخ فرید، نعیم اللہ بلوچ، شہزاد عامر، ذاکر راحت، نبیہ، محترمہ فہمیدہ گل، محترمہ فائزہ صدیقی، کامران پروانہ اور دوست محمد بخراں نے شرکت کی۔

چیئرمین سائل ملاخیل کے صدارتی نیم الرحمن خان محمد جتک و دیگر عہدیداران سٹالی کے ہمراہ ٹرمان نیشنل پریس کلب میں

پیرامیڈکس کا کنڈی سینٹر ملازمین کی برطرفیوں پر اظہار تشویش

مبینہ غیر قانونی برطرفیوں کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ

متاثرہ ملازمین کی بحالی اور حقوق کے تحفظ کیلئے اقدامات کی اپیل

کوئٹہ (ایڈیٹر رپورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن رجسٹرڈ 2076 بلوچستان کے صوبائی ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اینڈ ریسرچ (کنڈی سینٹر) کے ملازمین، بالخصوص یونین نمبر 2076 سمیت دیگر ملازمین کو وائی اسوسیایٹ فیلو آغا کی جانب سے مبینہ طور پر غیر قانونی طریقے سے ملازمت سے فارغ کیے جانے کی اطلاعات پر شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کے ساتھ ہونے والی اس مبینہ ناانصافی کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ اگر برطرفیاں قانون، سروس رولز اور ملازمین کے بنیادی حقوق کے برخلاف ہوئی ہیں تو متاثرہ ملازمین کو فوری طور پر انصاف فراہم کرتے ہوئے ان کی بحالی یقینی بنائی جائے۔

رئیسانی خاندان سے تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) معروف صحافی ڈاکٹر کمال خان رئیسانی کے بھائی، میر طارق رئیسانی مرحوم، خدا داخان رئیسانی اور حمدان رئیسانی کی والدہ کی وفات پر کوئٹہ و دیگر شہریوں اور سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر لیوس عزیز زہری، رہنما پاکستان سیکریٹری زراعت میر لیاقت لیلی، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر حاجی عبدالرحمٰن ایڈووکیٹ، سابق رکن قومی اسمبلی آغا حسین بلوچ، سابق ممبر سینیٹر میر حبیبل لہری، میر عثمان بادینی، سیت بی این پی کے مرکزی و ضلعی قیادت، کارکنوں، مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، سابق رکن اسمبلی، قومی قائدین اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔



کوئٹہ: نوابزادہ میر لشکری رئیسانی، صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو، بلوچستان لیبر ریسرچ عزیز زہری، بار لیمانی سیکرٹری میر لیاقت لیلی، میر زابد ریکی و دیگر اراکین رئیسانی نے ان کی بھابھی، وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پشتونخوامیپ کا پشتون عوام کے جان و مال کے تحفظ کا مطالبہ

کوئٹہ، فلات اور دیگر علاقوں میں پیش آنیوالے واقعات کی مذمت

امن و امان کے قیام اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہمی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا میپ کے مرکزی صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ کے پرہوادکٹ، کوئٹہ کراچی شاہراہ پر فلات میں ایرانیم ورائی کے قریب، کچھی کے جاہرا شرف خان اچکزئی، قلعہ سیف اللہ کے مہتان خان کھیلوار اور حفظ زیارت زمیت پشتون عوام سے کاروان چھینے، کردوں روپے ایمبلنس کی گاڑیوں اور اغوا کے جلانے اور بہتہ خوری کے واقعات کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ موجودہ حکومت جعلی طفل سلیوں سے، ریاستی رٹ بحال نہیں کر سکتی۔ مزید کہا گیا کہ پرہوادکٹ میں گزشتہ دنوں ایک بار پھر کوئی لگی جانے والی گاڑی کو ہاروی مواد سے ناشتہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ تین زخمی ہوئے، جبکہ اس سے قبل بھی ایک واقعے میں ریاض کاکڑ جاں بحق ہوئے تھے، جن کا خاندان آج بھی انصاف کا منتظر ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اور یہاں رٹ کے دعوے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکورٹی فورسز کو سالانہ اربوں روپے کے فنڈز دیے جاتے ہیں، جدید ہیلی کپٹروں اور دیگر اقدامات کے باوجود امن کے قیام میں ناکامی پر سنجیدہ غور کرنے کی ضرورت ہے۔ پارٹی نے تمام متاثرہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے امن و امان کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا۔

کوئٹہ میں سرکیں خستہ حال، زندگی مشکل تر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اکثر سڑکوں کی خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں گڑھوں، کھلے مین ہولز اور ٹوٹی ہوئی سڑکوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے، جب کہ حادثات اور گاڑیوں کو نقصان پہنچنے کے واقعات میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سرکیں جگہ جگہ سے اکھڑی ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے عوام کو آمد و رفت میں سخت دشواری کا سامنا ہے۔ بارش کے دنوں میں یہ گڑھے پانی سے بھر جاتے ہیں، جو مزید خطرناک صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے سڑکوں کی حالت کو موثر انداز میں نہیں کیا گیا، روزگاریوں کی مرمت پر خرچ آتا ہے، لیکن حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ عوامی حلقوں اور شہری تنظیموں نے حکام سے فوری اقدامات کی اپیل کی ہے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

محکمہ صحت کے اضافی چارج واپس لئے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے چیئرمین ڈاکٹر کلیم شجیب بلوچ نے کہا ہے کہ محکمہ صحت بلوچستان میں افسران کو دیے گئے اضافی چارج فوری طور پر واپس لئے جائیں اور تمام رجسٹرار و ہیلتھ سیرٹ اتھارٹیز اصولوں کے مطابق کی جائیں، ہیلتھ فری میڈیکل کالجز اور بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائنسز اینڈ سٹیٹ بیول سائنسز (BIPS) کی تدریسی اسامیوں کے لیے گریڈ 20 کے سینئر پروفیسرز کو سلیکٹ کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ 20 کے سینئر پروفیسرز کو ڈائریکٹرز کے عہدے پر تعینات کر کے ملک کے سینئر ڈاکٹروں کے مقام اور وقار کے ساتھ ناانصافی ہے۔

TENDER NOTICE

The shiekh Mohammad bin Zayed Al-Nahyan Institute of Cardiology invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627081163872 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Engineering and Research and Technology Based Services (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 3,000,000 PKR Amount in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan The bidder must submit audited report for at least the last 1 financial year, audited by a registered Chartered Accountant firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bpppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bpppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 September, 2026till 10:15 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:15 AM on EPPS System Address: Sheikh Mohammad Bin Zayed Al-Nayhan Institute of Cardiology Kach mor Quetta
Phone no: 0812882290 Email: procsmbzan@gmail.com

Manager
shiekh Mohammad bin Zayed Al-Nahyan Institute of Cardiology

DAB/AB No.219/17-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار شرود غوغا / لاوارث نعش

بمطابق پولیس رپورٹ باب 23 فقرہ 18 CTD بلوچستان کوئٹہ کی
اشتہار شدہ نعش لاوارث نعش نمبر 117/2026 زیر دفعہ
7 (1) (b) (h) (i) 7 (2) ,11F (1) (2) (6) 11i, 11N /ATA
پڑیہ اشتہار شدہ تحریر کے مقدمہ نمبر 117/2026 زیر دفعہ
7 (1) (b) (h) (i) 7 (2) ,11F (1) (2) (6) 11i, 11N /ATA
پولیس تھانہ ہی ڈی ڈی کوئٹہ رجسٹر درج ہو کر
تفتیش سے مقدمہ میں ایک (01) نامعلوم لاوارث گردی
نعش مردہ خانہ سول اسپتال کوئٹہ میں موجود ہے جس کی ورثاء کی تلاش
جاری ہے اور ورثاء لاوارث کی تلاش کیلئے دہشت گرد کی تصویر شائع
کی جا رہی ہے۔ لہٰذا ہم ان لاش سے اگر کوئی متعلقہ گرد دہشت
گرد یا ان کے ورثاء رشتہ دار کے متعلق معلومات رکھتے ہو تو
ذیل نمبرات پر رابطہ کریں۔ **فون نمبر:** ای آئی جی آفس / 081-9213463
081-9202555 / 081-9202777 پولیس کنٹرول 081-9213460

ایس ایس پی انوسٹیگیشن
آئی جی پی، سی ٹی ڈی بلوچستان

PRQ No878/17-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Project director SUI Master Plan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627081165021 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOBT/Fee** Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 2)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 5 Assignments of Similar Nature and Complexity 10,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 10,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bpppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bpppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 02 September, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

(بی این ایس) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، جبکہ بعض اضلاع میں شدید گرمی کی پیش گوئی کی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بھی اور نوکنڈی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ درجت میں 39، چمن میں 38، کوئٹہ میں 37، ژوب میں 36، قلات اور خیجاں میں 32، اور پسنی میں 31 ڈگری درجات میں درجہ حرارت 27 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا

معیاری درسی کتب کی تیاری تعلیمی نظام کی بہتری میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے، لعل خان

ٹیکسٹ بک بورڈ کی ویب سائٹ کا افتتاح، طلبہ و اساتذہ کو وائی بکس، ویڈیوز اور نصابی مواد تک رسائی فراہم کردی گی

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ بک رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی تین روزہ تربیتی ورکشاپ کے شرکا سے سیکرٹری سکولز کا خطاب

کوئٹہ (ن ش) کوئٹہ: بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے زیر اہتمام بک رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ لینے والوں کی استعداد کار میں اضافے کے لیے درسی کتب کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے حوالے سے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس کی افتتاحی تقریب سے سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل چان ظفر، ڈپٹی مین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر کلاب خان تلپی نے خطاب کیا۔ اس موقع پر چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر عبدالغنی تلپی، سیکرٹری بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر نیاز ترین ، ڈائریکٹر اکیڈمک پروگرام ڈاکٹر ظاہر دہلی، ڈائریکٹر پالیسی پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ ڈاکٹر عبدالحکیم کے مختلف مضامین کے بک رائٹرز (آتھر) اور کتابوں کے جائزہ لینے والے پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز کے بیشتر اساتذہ کے علاوہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ماہرین، اعلیٰ حکام، ہیڈ ماسٹرز اور ٹیکسٹ بک بورڈ کے آفیسران نے شرکت کی۔ سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل چان ظفر نے کہا کہ بہتر تعلیمی نظام کی تشکیل کے لیے معیاری درسی کتب کی تیاری تعلیمی نظام کی بہتری میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ طلبہ کو معیاری، آسان فہم، تکنیکی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی مواد فراہم کی جائے گی تاکہ وہ اپنے اساتذہ کی رہنمائی میں مضبوط علمی بنیاد حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی ورکشاپ کا بنیادی مقصد کتابوں کی تیاری کے مختلف مراحل سے واقف ہونے اور جدید تدریسی طریقوں کو بہتر بنانا، جدید تعلیمی اصولوں سے آگاہی فراہم کرنا اور درسی کتب کے معیار، مواد، زبان، اسلوب اور تعلیمی افادیت کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ ڈاکٹر کلاب خان تلپی نے کہا کہ درسی کتابیں طلبہ کی تعلیمی معلومات کا مجموعہ نہیں بلکہ طبیعی فکری، علمی اور تکنیکی صلاحیتوں کی تشکیل کا اہم ذریعہ ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل چان ظفر نے کہا کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے ٹیکنیکل سپورٹ سائنٹز میں انہیں خصوصیت یہ ہیں کہ طلباء اور اساتذہ کو اپنے مطالعہ کو مزید اپ ڈیٹ رکھنے کے لیے ڈیجیٹل کو مزید مؤثر بنانے، مقدمات کی معیاری و دیرہ تکنیکی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھنے کے انکشافات جاری کئے تعلیمات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی عامر رضوی کی زیر صدارت ایم پی ایز، سیکرٹری پولیس، کمشنر اسلام آباد، ڈی آئی جی پولیس آپریشنز، ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز سلیمان ظفر، ایس پی ایڈمن محمد عزم اشرف سیٹ ڈیپوٹیشن پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی مجموعی صورتحال، مقدمات کی تفتیش، فیلڈ پولیسنگ اور شہریوں کو بہتر پولیس سروس کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے جرائم کی صورتحال، تفتیشی عمل اور جرائم

اعزاز باعثِ فخر ہونے کے ساتھ ذمہ داری بھی ہے، عدیل گوندل

عدیل گوندل کو عالمی کاروباری روابط کے فروغ پر گولڈن پیسینجرز ایوارڈ سے نوازا گیا

انٹرپرینیورشپ اور عالمی کاروباری روابط کے فروغ میں خدمات کے اعتراف میں گولڈن پیسینجرز ایوارڈ سے نوازا گیا۔ جاری کردہ سرکاری بیان کے مطابق اس اعزاز میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے اور پاکستان کے انٹرپرینیورشپ ایکوسسٹم کے فروغ کے لیے ان کی کاوشوں کا اعتراف ہے۔ دوحہ قطر کے دوران صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سردار طاہر محمود کی قیادت میں بھرپور بزنس میٹ و ٹاک ہوئی، جہاں عالمی کاروباری رہنماؤں اور

عدیل گوندل نے کہا کہ یہ اعزاز ان کے لیے باعث فخر ہونے کے ساتھ ایک ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے نوجوان انٹرپرینیورز اور اسٹارٹ اپس کے لیے عالمی ایکوسسٹم کو مضبوط بزنس لیبٹ ورنگ اور موٹر رہنمائی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس موقع کا اظہار کیا کہ وہ خواتین کاروباری افراد کی رہنمائی، انٹرپرینیورشپ کے فروغ اور عالمی کاروباری پلیٹ فارمز پر پاکستان کی مثبت نمائندگی کے لیے اپنا کردار جاری رکھیں گے۔

بروقت تفتیش جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، آئی جی

آئی جی اسلام آباد کا جرائم کی روک تھام اور پولیسنگ کا جائزہ، کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی عامر رضوی کا جرائم کی روک تھام، مقدمات کی تفتیش اور مجرموں کو پولیسنگ کا جائزہ سینئر پولیس افسران کو فیلڈ پولیسنگ کو مزید مؤثر بنانے، مقدمات کی معیاری و بروقت تفتیش اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھنے کے احکامات جاری کئے۔ تعلیمات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی عامر رضوی کی زیر صدارت ایم پی ایز، سیکرٹری پولیس، کمشنر اسلام آباد، ڈی آئی جی پولیس آپریشنز جواد طارق، ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز سلیمان ظفر، ایس ایس پی ایڈمن محمد عزم اشرف سیٹ ڈیپوٹیشن پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی مجموعی صورتحال، مقدمات کی تفتیش، فیلڈ پولیسنگ اور شہریوں کو بہتر پولیس سروس کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے جرائم کی صورتحال، تفتیشی عمل اور جرائم

پی ٹی سی ایل اور پی ٹی اے ایف کا خواتین کیلئے ڈیجیٹل خواندگی پروگرام شروع

2,100 خواتین کو ڈیجیٹل مہارتوں کی تربیت اور سفٹ اسمارٹ فونز فراہم کیے جائیں گے

